Roll No. 1 0 9 0 5 8 (امیدوار خود پُر کرے)

اردو (لازمی)

S.S.C (10th)-A-2022

وقت : 2:10 گھنٹے

نمبر : 60

پرچہ : II | گروپ : پہلا | انشائی

## حصہ دوم

درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل)۔ 6=2x3

### (حصہ نظم)

i. نظام آسمانی ہے اسی کی حکمرانی سے — بہار جاودانی ہے اسی کی باغبانی سے

ii. آب خنک کو خلق ترستی تھی خاک پر — گویا ہوا سے آگ برستی تھی خاک پر

iii. جلوۂ قدرت کا شاہد ، حسن فطرت کا گواہ — ماہ کا دل ، مہر عالم تاب کا نور نگاہ

iv. مرے بنّے کو مبارک یہ خوش گوار گھڑی — کہ سر کا درد بڑھا ناک میں نکیل پڑی

### (حصہ غزل) 4=2x2

i. آج کیا بات ہے کہ پھولوں کا — رنگ ، تیری ہنسی سے ملتا ہے

ii. سر میں سودا بھی نہیں، دل میں تمنا بھی نہیں — لیکن اس ترک محبت کا بھروسا بھی نہیں

iii. نازک تھے کہیں رنگ گل و بوئے سمن سے — جذبات کہ آداب کے سانچے میں ڈھلے ہیں

## حصہ سوئم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے: $\left(2+2+\frac{1}{2}+\frac{1}{2}=5\right)$ 10=5x2

(الف) سلیمانیہ سے ملحق ایک بڑا کتب خانہ ہے۔ یہاں مخطوطات کا سب سے بڑا ذخیرہ محفوظ ہے۔ اندازے کے مطابق ایک لاکھ قلمی کتابیں یہاں ہیں اور نہایت ترتیب و تنظیم سے رکھی ہوئی ہیں۔ جب مَیں اپنے رفیقوں کو باسفورس، گولڈن ہارن اور ایا صوفیہ کی سیر کراتا ہوا یہاں سے سلیمانیہ میں لایا تو سب کی حیرت و مسرت کی کوئی انتہا نہ رہی۔ ہم سب نے یہاں اچھا خاصا وقت صرف کیا۔

(ب) علی گڑھ کا آپ کا مطالعہ قابل غور ہے۔ آپ کے دل میں علی گڑھ کی وہی قدر و قیمت ہے جو ہندوستان کے باہر کے اہل علم و فن کی ہو سکتی ہے اور ہے لیکن کیا کیجیے کہ ایسے لوگوں کی بھی کمی نہیں ہے جو اچھی اور بڑی چیز کا احترام کرنے کی استعداد سے محروم ہو چکے ہیں اور یہ وہ لوگ ہیں جن کو صرف علی گڑھ کے طفیل، وہ اختیار و اقتدار اور دولت نصیب ہوئی، جس کا وہ علی گڑھ سے دور رہ کر خواب بھی نہیں دیکھ سکتے تھے۔

درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات دیجیے: 10=5x2

i۔ قلعے کی اچھی اچھی مغلانیاں کن کے سامنے کان پکڑتی تھیں اور کیوں؟

یہ سچ ہے کہ میں کام کرتا ہوں اور وہ مفت خوری سے دن گزارتا ہے۔ مصنف کی مراد کس سے ہے اور یہ شکایت کیوں ہے؟

iii۔ قلی اپنے ناریل جیسے سر پر پگڑی لپیٹتا چلا گیا اور لڑکی بجائے بیٹھنے کے کیا کرنے لگی؟

کسان کو اپنی بیوی کے بارے میں کیا پختہ یقین ہو گیا تھا؟

v۔ نبض خاک پر انگلیاں رہنے کا کیا مطلب ہے؟

سینکڑوں گھوڑوں کا کہاں انتقال ہو چکا ہے اور کس وجہ سے؟

vii۔ روح کو محبت کا مزہ دل کی کس کیفیت سے ملتا ہے؟

viii۔ "بہادر بچے" نظم میں کون سا موسم آنے والا ہے جس کے آثار دکھتے ہیں؟ شاعر کا نام بھی لکھیے۔

درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

(الف) مکتبہ (ب) علی بخش

6۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 15

(الف) میرا اسکول (ب) گداگری ایک لعنت (ج) مسلمانوں کے تہوار

7۔ درج ذیل اشعار کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ 10=2x5

یہ سچ ہے کہ قوم میں قحط انساں — نہیں قوم کے ہیں سب افراد یکساں

سفال و خزف کے ہیں انبار گر یاں — جواہر کے ٹکڑے بھی ہیں ان میں پنہاں

چھپے سنگ ریزوں میں گوہر بھی ہیں کچھ — ملے ریت میں ریزۂ زر بھی ہیں کچھ

i۔ ان اشعار کا مرکزی خیال کیا ہے؟

ii۔ قوم میں "قحط انساں" ہونے کا کیا مطلب ہے؟

iii۔ سفال و خزف کے کیا معنی ہیں؟

iv۔ "چھپے سنگ ریزوں میں گوہر بھی ہیں کچھ" اس مصرعے کا کیا مفہوم ہے؟

v۔ ان اشعار میں قافیوں کی نشان دہی کیجیے۔

Result.pk